اَلۡاِنۡفِطَار

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا السَّمَآءُ انۡفَطَرَتۡ ۙ﴿۱﴾	جب آسمان پھٹ جائے گا۔
وَ اِذَا الۡکَوَاکِبُ انۡتَثَرَتۡ ۙ﴿۲﴾	اور جب تارے جھڑ پڑیں گے۔
وَ اِذَا الۡبِحَارُ فُجِّرَتۡ ۙ﴿۳﴾	اور جب سمندر ابل پڑیں گے۔
وَ اِذَا الۡقُبُوۡرُ بُعۡثِرَتۡ ۙ﴿۴﴾	اور جب قبریں اکھیڑ دی جائیں گی۔
عَلِمَتۡ نَفۡسٌ مَّا قَدَّمَتۡ وَ اَخَّرَتۡ ؕ﴿۵﴾	تب معلوم کر لے گا ہر شخص کہ کیا اس نے آگے بھیجا تھا اور (کیا) پیچھے چھوڑا۔
یٰۤاَیُّہَا الۡاِنۡسَانُ مَا غَرَّکَ بِرَبِّکَ الۡکَرِیۡمِ ۙ﴿۶﴾	اے انسان کس چیز نے دھوکا دیا تجھ کو اپنے رب کے بارے میں جو کریم ہے۔

الَّذِىۡ خَلَقَكَ فَسَوّٰٮكَ فَعَدَلَكَۙ ﴿٧﴾	وہی ہے جس نے تجھے بنایا پھر تیرے اعضاء کو درست کیا اور تیری قامت کو معتدل رکھا۔
فِىۡۤ اَىِّ صُوۡرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَؕ ﴿٨﴾	جس صورت میں چاہا تجھے جوڑ دیا۔
كَلَّا بَلۡ تُكَذِّبُوۡنَ بِالدِّيۡنِۙ ﴿٩﴾	ہرگز نہیں بلکہ تم لوگ جھٹلاتے ہو جزا کو۔
وَاِنَّ عَلَيۡكُمۡ لَحٰـفِظِيۡنَۙ ﴿١٠﴾	حالانکہ بیشک تم پر نگہبان مقرر ہیں۔
كِرَامًا كَاتِبِيۡنَۙ ﴿١١﴾	معزز لکھنے والے۔
يَعۡلَمُوۡنَ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ﴿١٢﴾	وہ جانتے ہیں اسے جو کچھ تم کرتے ہو۔
اِنَّ الۡاَبۡرَارَ لَفِىۡ نَعِيۡمٍ ﴿١٣﴾	بیشک نیکوکار نعمتوں میں ہونگے۔
وَّاِنَّ الۡفُجَّارَ لَفِىۡ جَحِيۡمٍۙ ﴿١٤﴾	اور بیشک بدکردار دوزخ میں ہونگے۔
يَّصۡلَوۡنَهَا يَوۡمَ الدِّيۡنِ ﴿١٥﴾	اس میں داخل ہوں گے اسدن جو جزا کا ہے۔
وَمَا هُمۡ عَنۡهَا بِغَآئِبِيۡنَؕ ﴿١٦﴾	اور نہیں وہ اس سے چھپ سکیں گے۔
وَمَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا يَوۡمُ الدِّيۡنِۙ ﴿١٧﴾	اور کیا تمہیں معلوم کہ کیسا ہے جزا کا دن۔

ثُمَّ مَآ اَدۡرٰىكَ مَا يَوۡمُ الدِّيۡنِؕ ﴿۱۸﴾	پھر کیا تمہیں معلوم کہ کیسا ہے جزا کا دن ۔
يَوۡمَ لَا تَمۡلِكُ نَفۡسٌ لِّنَفۡسٍ شَيۡـًٔا ؕ وَّالۡاَمۡرُ يَوۡمَئِذٍ لِّلّٰهِ ﴿۱۹﴾	وہ دن کہ نہ آ سکے گا کوئی کسی کے کچھ کام ۔ اور حکم اس دن اللہ ہی کا ہو گا۔